

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

اگست/2025ء

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّہَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے میں عقل مندوں کے لئے یقیناً کئی نشان (موجود) ہیں۔

(آل عمران:191)

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے ذریعہ Monsoon Tabligh Campaign کے انعقاد کے چند مناظر

سالانہ صوبائی اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ کشمیر کے چند مناظر

محلہ مسرور قادیان کے خدام واطفال کی وقار عمل کرتے ہوئے ایک تصویر

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ کوریل کشمیر کی ایک یادگار تصویر

ضلعی اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ ضلع خوردہ/نیاگڑھ صوبہ اُڈیشہ کی ایک تصویر

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ یادگیر کرناٹک

ماہنامہ

از قادیان دارالامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

فہرست مضامین

ادا ریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 28/مارچ 2025ء	5
مصنوعی ذہانت انسانیت کے لئے چیلنج یا سہولت؟	8
سائنس کا سفر یونان سے بغداد تک	11
گوشۂ ادب	13
بنیادی مسائل کے جوابات	14
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	16
Diary Dose	18
بزم اطفال	19
ملکی رپورٹس	21
Health & Fitness	22
سائنس کی دنیا	23
Genesis, Vision and Mission of AMRAI in the light of Guidance by Khilafat-e- Ahmadiyya	29
Understanding the Human Experience The Need for Social Science	34
Sidedness or Chirality in Nature A deeper look into Science and Faith	36
Summary of the Friday Sermon	40

اگست 2025ء

صفر، ربیع الاول 47/1446 ہجری قمری

ظہور 1404 ہجری شمسی

نگران

شمیم احمد غوری

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نایک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر، احسان علی او کے

مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر، مرشد احمد ڈار،

سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک

اندرون ملک: 220روپیہ، بیرون ملک :: 50 1 $

قیمت فی پرچہ: 20روپیہ

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. **Editor:** Niyaz Ahmad Naik

اداریہ

”کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا“

دنیا کے مختلف فکری دھاروں میں یہ سوال اکثر اٹھایا جاتا ہے کہ آیا سائنس اور مذہب، بالخصوص اسلام، ایک دوسرے کے مخالف ہیں یا ہم آہنگ؟ مغرب میں نشاۃ ثانیہ کے بعد پیدا ہونے والی بعض سائنسی تحریکوں نے دین کو فرسودہ اور غیر علمی قرار دے کر اس سے بغاوت کی، اور یوں مذہب و سائنس کے درمیان ایک خلیج قائم ہوگئی۔

لیکن اگر ہم اسلام کی تعلیمات اور تاریخ کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیں، تو یہ حقیقت آشکار ہو جاتی ہے کہ اسلام اور سائنس نہ صرف ہم آہنگ ہیں، بلکہ ایک دوسرے کے بہترین معاون و محرک بھی ہیں۔

اسلام دنیا کا وہ واحد مذہب ہے جس کی پہلی وحی کا آغاز ہی علم کے حصول کے حکم سے ہوا: اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ

قرآن مجید نے نہ صرف علم کے حصول کو فرض قرار دیا بلکہ کائنات میں غور و فکر کو عبادت کا درجہ دیا۔ قرآن کی سینکڑوں آیات انسان کو آسمانوں، زمین، سمندر، بارش، ہوا، نباتات، حیوانات اور خود انسانی جسم میں تدبر کی دعوت دیتی ہیں۔

تاریخی لحاظ سے بھی جب یورپ جہالت کی تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا، اُس وقت مسلمان سائنس دان دنیا کو روشنی، تحقیق، اور منطق کی راہوں پر گامزن کر رہے تھے۔ ابن الہیثم، الرازی، ابن سینا، البیرونی، ابن خلدون اور دیگر عظیم دماغ سائنس کے مختلف میدانوں میں سنگ میل ثابت ہوئے۔ ان کا دین سے تعلق مضبوط تھا، اور ان کی سائنسی کاوشیں درحقیقت اسلامی تعلیمات کا ہی عملی مظہر تھیں۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”پس قرآن تو سائنس کی طرف بار بار توجہ دلاتا ہے۔ چہ جائیکہ اس سے نفرت دلائے۔ قرآن نے یہ نہیں کہا کہ سائنس نہ پڑھو، کافر ہو جاؤ گے کیونکہ اسے اس بات کا ڈر نہیں ہے کہ لوگ علم سیکھ جائیں گے تو میرا جادو ٹوٹ جائے گا۔ قرآن نے لوگوں کو سائنس کی تعلیم سے روکا نہیں بلکہ فرمایا ہے: قُلِ انۡظُرُوۡا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ۔ غور کرو، زمین اور آسمان کی پیدائش میں۔ آسمان سے مراد سماوی (علوی) علوم اور زمین سے ارضی یعنی جی آولوجی (Geology)، بائی آلوجی (Biology)، آرکی آولوجی (Archeology)، طبعیات وغیرہ علوم مراد ہیں۔ اگر خدا کے نزدیک ان علوم کے پڑھنے کا نتیجہ، مذہب سے نفرت ہوتا تو قرآن کہتا ان علوم کو کبھی نہ پڑھنا۔ مگر اس کے بر خلاف وہ تو کہتا ہے، ضرور غور کرو، ان علوم کو پڑھو اور اچھی طرح چھان بین کرو کیونکہ اسے معلوم ہے علوم میں جتنی ترقی ہوگی، اس کی تصدیق ہوگی۔“ (انوار العلوم، جلد ۹، صفحہ ۵۰۱)

نیز فرمایا:

”مذہب اور سائنس میں مقابلہ ہی کوئی نہیں۔ کیونکہ مذہب خدا کا کلام ہے، اور سائنس خدا کا فعل۔ اور کسی عقلمند کے قول اور فعل میں اختلاف نہیں ہوسکتا۔ ہاں اگر کوئی جھوٹا ہو یا پاگل ہو تو اختلاف ہو گا۔ خدا کے متعلق دونوں باتیں ممکن نہیں کیونکہ خدا ناقص العقل یا ناقص الاخلاق نہیں۔ پس خدا کے قول اور فعل میں فرق نہیں۔ اسی لئے مذہب اور سائنس میں بھی تصادم نہیں۔

(انوار العلوم جلد ۹ صفحہ ۵۰۱،۴۹۹)

الغرض یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اسلام سچے اور مفید علم کا نہ صرف داعی ہے بلکہ اس کا محافظ بھی ہے۔ آج کے دور میں یہ پیغام نوجوان نسل تک پہنچانا ناگزیر ہو چکا ہے کہ سائنسی ترقی اور مذہبی وابستگی نہ صرف ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہیں، بلکہ ایک دوسرے کے معاون و مددگار بھی ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں علمِ نافع عطا فرمائے، اور ہمیں توفیق دے کہ ہم اسلام کے اس روشن، عقلی اور سائنسی پہلو کو دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔

سلیق احمد نایک

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ



وَاِنۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِلَّا عِنۡدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ ○ (سورۃ الحجر آیت نمبر 22)

ترجمہ: اور کوئی چیز ایسی نہیں جس کے (غیر محدود) خزانے ہمارے پاس نہ ہوں۔ لیکن ہم اسے ایک معین اندازے سے ہی اتارا کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

اس آیت میں ایک بہت بڑی صداقت بیان کی گئی ہے۔ اور پہلی آیت کی مزید تفصیل کی گئی ہے ہر چیز کے خزانے اللہ تعالیٰ نے اپنے پاس رکھے ہیں اور ضرورت کے مطابق وہ انسانی ذہن کو ادھر منتقل کر دیتا ہے اور لوگ ان خزانوں سے فائدہ اُٹھا لیتے ہیں۔ زمین میں سبھی کچھ تھا مگر ایک وقت تک انسان نے لوہے کا علم حاصل نہ کیا تھا۔ پھر لوہا نکلا اور اسے لوگوں نے خوب استعمال کیا مگر لوہا بے جان تھا۔ جب انسان کی ضرورت بڑھی اور اس نے دنیا میں کثرت سے پھرنا چاہا تو پتھر کے کوئلے اور بھاپ کی دریافت ہوئی اور بے جان لوہا جانداروں کی طرح کام کرنے لگا ضرورت نے ترقی کی تو تار کی بجلی کی ایجاد ہوئی۔ اس کے بعد بے تار کی بجلی کی۔ غرض ہر زمانہ کے مطابق زمین خزانے اگلتی چلی جاتی ہے۔ اسی طرح فرماتا ہے۔ الٰہی کلام کی بھی حفاظت کی جاتی ہے اس کے خزانے محفوظ رکھے جاتے ہیں اور زمانہ کی ضرورت کے مطابق نازل کئے جاتے ہیں۔ پس کلام الٰہی کو صرف ایک کتاب نہیں سمجھنا چاہئے کہ نازل ہو گئی اور پھر خدا تعالیٰ نے اس سے تعلق چھوڑ دیا۔ بلکہ کلام الٰہی ایک دنیا ہے جو ہزاروں خزانوں پر مشتمل ہے جو مختلف زمانہ کے لوگوں کے لئے ہیں جب تک وہ خزانہ سب کا سب مستحقین میں تقسیم نہ ہو جائے اس کلام کو بے حفاظت کس طرح چھوڑا جا سکتا ہے۔ (تفسیر کبیر جلد 4، صفحہ نمبر 48، ایڈیشن 2004)

إِنْفَاخُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ



عَنۡ كَثِيرِ بۡنِ قَيۡسٍ، قَالَ: كُنۡتُ جَالِسًا مَعَ أَبِي الدَّرۡدَاءِ فِي مَسۡجِدِ دِمَشۡقَ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا الدَّرۡدَاءِ، إِنِّي جِئۡتُكَ مِنۡ مَدِينَةِ الرَّسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيثٍ بَلَغَنِي أَنَّكَ تُحَدِّثُهُ عَنۡ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ، مَا جِئۡتُ لِحَاجَةٍ، قَالَ: فَإِنِّي سَمِعۡتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنۡ سَلَكَ طَرِيقًا يَطۡلُبُ فِيهِ عِلۡمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيقًا مِنۡ طُرُقِ الۡجَنَّةِ، وَإِنَّ الۡمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجۡنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الۡعِلۡمِ، وَإِنَّ الۡعَالِمَ لَيَسۡتَغۡفِرُ لَهُ مَنۡ فِي السَّمٰوَاتِ وَمَنۡ فِي الۡأَرۡضِ وَالۡحِيتَانُ فِي جَوۡفِ الۡمَاءِ، وَإِنَّ فَضۡلَ الۡعَالِمِ عَلَى الۡعَابِدِ كَفَضۡلِ الۡقَمَرِ لَيۡلَةَ الۡبَدۡرِ عَلَى سَائِرِ الۡكَوَاكِبِ، وَإِنَّ الۡعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الۡأَنۡبِيَاءِ، وَإِنَّ الۡأَنۡبِيَاءَ لَمۡ يُوَرِّثُوا دِينَارًا وَلَا دِرۡهَمًا وَرَّثُوا الۡعِلۡمَ فَمَنۡ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ.

سنن ابو داؤد حدیث نمبر 3641

ترجمہ: کثیر بن قیس کہتے ہیں کہ میں ابوالدرداءؓ کے ساتھ دمشق کی مسجد میں بیٹھا تھا کہ اتنے میں ان کے پاس ایک شخص آیا اور ان سے کہنے لگا: اے ابوالدرداء! میں آپ کے پاس رسول اللہ ﷺ کے شہر سے اس حدیث کے لئے آیا ہوں جس کے متعلق مجھے یہ خبر ملی ہے کہ آپ اسے نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں میں آپ کے پاس کسی اور غرض سے نہیں آیا ہوں، اس پر ابوالدرداء نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص طلب علم کے لئے راستہ طے کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اسے جنت کی راہ چلاتا ہے اور فرشتے طالب علم کی بخشش کی دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ مچھلیاں پانی میں دعائیں کرتی ہیں، اور عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہی ہے جیسے چودھویں رات کی تمام ستاروں پر، اور علماء انبیاء کے وارث ہیں، اور نبیوں نے اپنا وارث درہم و دینار کا نہیں بنایا بلکہ علم کا وارث بنایا تو جس نے علم حاصل کیا اس نے ایک وافر حصہ لیا۔

کَلَامُ الْاِمَامِ الْمَهْدِیِّ ؑ

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”ہم دیکھتے ہیں کہ آجکل بہت سے ایسے بھی خیالات والے لوگ موجود ہیں کہ انکی نظر میں دین ایک جنون ہے اور اس کی قدر اُن کے دلوں میں نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عرب کے لوگ وحشی تھے اور اُمّی تھے۔ اس وقت ان کی ضرورتوں کے مناسب حال قرآن نازل ہوا۔ اب دنیا ترقی کر گئی ہے اور روشنی کا زمانہ ہے۔ اب موجودہ زمانہ کے مناسب حال دین میں ترمیم ہونی چاہئے مگر آپ لوگ سن رکھیں کہ دین کوئی لغو نہیں ہے بلکہ دنیا کی حقیقی راحت اور اخروی نجات اس دین سے ہی وابستہ ہے وہ عرب کے اُمّی جو اس دین کے سچے خادم تھے۔ ان کا اُمّی ہونا بھی ایک معجزہ ہی تھا تاکہ دنیا کو دکھادے کہ اُمّی لوگوں نے قرآنی تعلیم کے نیچے آکر کیا کچھ کر دکھایا کہ بڑے بڑے علوم کے مدعیوں سے بھی انکے مقابلہ میں کچھ بن نہ آیا۔ خدا تعالیٰ خوب جانتا تھا کہ اس زمانہ میں کیسے کیسے جدید علوم پیدا ہوں گے اور خود مسلمانوں میں کیسے کیسے خیالات کے لوگ پیدا ہو جائیں گے۔ ان سب باتوں کا جواب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں دے رکھا ہے اور کوئی نئی تحقیقات یا علمی ترقی نہیں جو قرآن شریف کو مغلوب کر سکے اور کوئی صداقت نہیں کہ اب پیدا ہو گئی ہو اور وہ قرآن شریف میں پہلے ہی سے موجود نہ ہو۔“

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 652 ایڈیشن 1988ء)

امام وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہ دعا سکھا کر مومنوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے یہ دعا صرف برائے دعا ہی نہیں کہ منہ سے کہہ دیا کہ اے اللہ میرے علم میں اضافہ کر اور یہ کہنے سے علم میں اضافے کا عمل شروع ہو جائے گا۔ بلکہ یہ توجہ ہے مومنوں کو کہ ہر وقت علم حاصل کرنے کی تلاش میں بھی رہو، علم حاصل کرنے کی کوشش بھی کرتے رہو۔ طالب علم ہو تو محنت سے پڑھائی کرو اور پھر دعا کرو تو اللہ تعالیٰ حقائق اشیاء کے راستے بھی کھول دے گا۔ علم میں اضافہ بھی کر دے گا اور پھر صرف یہ طالب علموں تک ہی بس نہیں ہے بلکہ بڑی عمر کے لوگ بھی یہ دعا کرتے ہیں۔ اور اس دعا کے ساتھ اس کوشش میں بھی لگے رہیں کہ علم میں اضافہ ہو اور اس کی طرف قدم بھی بڑھا ئیں۔ تو یہ ہر طبقے کے سب عمروں کے لوگوں کے لئے یہی دعا ہے۔

ایک حدیث میں آتا ہے کہ اُطۡلُبُوا الۡعِلۡمَ مِنَ الۡمَهۡدِ اِلَی اللَّحۡدِ یعنی چھوٹی عمر سے لے کے، بچپنے سے لے کے آخری عمر تک جب تک قبر میں پہنچ جائے انسان علم حاصل کرتا رہے۔ تو یہ اہمیت ہے اسلام میں علم کی۔ پھر اس کی اہمیت کا اس سے بھی اندازہ لگالیں کہ اللہ تعالیٰ کے کسی بھی حکم یا دعا پر سب سے زیادہ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کیا۔ اور آپؐ عمل کرتے تھے، اللہ تعالیٰ تو خود آپؐ کو علم سکھانے والا تھا اور قرآن کریم جیسی عظیم الشان کتاب بھی آپ پر نازل فرمائی جس میں کائنات کے سربستہ اور چھپے ہوئے رازوں پر روشنی ڈالی جس کو اُس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی شاید سمجھ بھی نہ سکتا ہو۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۸؍ جون ۲۰۰۴ء مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل ۲؍ جولائی ۲۰۰۴ء)

خطبات و خطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۲۸؍مارچ ۲۰۲۵ء بمطابق ۲۸؍ امان ۱۴۰۴ہجری شمسی بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یوکے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی کہ ہم اس رمضان میں سے گزرے، اور آج اس رمضان کا آخری جمعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ احسان ہے کہ اُس نے ہم میں سے اکثر کو روزے رکھنے اور عبادات کی توفیق دی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ہمیں اس طرف بھی توجہ دینی چاہئے صرف رمضان کے روزے رکھنے اور عبادات سے ہمارا مقصد پورا نہیں ہو گیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ ہدایت فرمائی ہے کہ تم نے مستقل میرے عابد بننا ہے۔ پس جن لوگوں کو اس رمضان میں عبادات کی توفیق ملی ہے ان کا اب یہ فرض ہے کہ ان نیکیوں کو جاری رکھیں، اس کے لئے دعا بھی کریں اور کوشش بھی۔

جس طرح رمضان اہم ہے، اسی طرح ہر نماز اور جمعہ اہم ہے۔ یہ نہیں کہ رمضان کا آخری جمعہ ہے تو بابرکت ہے، ایسا نہیں! ہر جمعہ اہم اور بابرکت ہے۔ اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے حضرت اقدس مسیح موعودؑ کو بھیجا اور ہمیں انہیں ماننے کی توفیق ملی ہے، آپؑ نے ہمیں سمجھایا ہے کہ کس طرح ہم ایک اچھے مومن اور آنحضرت ﷺ کے ایک اچھے امتی بن سکتے ہیں۔

آپؑ ایک موقعے پر فرماتے ہیں کہ

مَیں نے بارہا اپنی جماعت کو کہا ہے کہ تم میری اس بیعت پر ہی بھروسہ نہ کرنا، اس کی حقیقت تک جب تک نہ پہنچو گے تب تک نجات نہیں۔ اگر مرید خود عامل نہیں تو پیر کی بزرگی اسے کچھ فائدہ نہیں دیتی۔

فرمایا: مَیں نے ایک کتاب لکھی ہے کشتی نوح، اس کتاب کو بار بار پڑھو۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ وہ آدمی کامیاب ہو گیا جو پاک ہو گیا، جب اس پر عمل کرو گے تب ہی فائدہ ہو گا۔ ہزاروں چور، زانی، بدکار، شرابی، بدمعاش یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ آنحضرت ﷺ کی امت سے ہیں، مگر کیا درحقیقت وہ ایسے ہیں؟ کیا وہ حق رکھتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے امّتی کہلا سکیں؟ ہرگز نہیں۔ امّتی وہی ہے جو آنحضرت ﷺ کی تعلیمات پر پورا عمل کرے۔

آپؑ نے فرمایا کہ

اس جماعت میں اگر داخل ہوئے ہو تو اس کی تعلیم پر عمل کرو۔ جماعت میں داخل ہونے کے بعد تکلیفیں بھی پہنچتی ہیں۔ اگر تکلیفیں نہ پہنچیں تو ثواب کیونکر ہے۔

پیغمبرِ خدا ﷺ نے مکّے میں تیرہ برس تک دکھ اٹھائے اور تمہیں تو پتا ہی نہیں کہ اس زمانے کی تکلیفیں کیا تھیں۔ پس ہمیشہ یاد رکھو کہ تکلیفیں تو پہنچتی ہی ہیں مگر جب یہ تکلیفیں آنحضرت ﷺ اور صحابہؓ کو پہنچ رہی تھیں اس وقت بھی آنحضرت ﷺ نے صبر کی تعلیم دی۔ اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ اس کا نتیجہ یہی نکلا کہ آخر دشمن فنا ہو گیا تم دیکھو گے کہ یہ جو شریر لوگ ہیں، یہ اُس وقت نظر نہیں آئیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے ارادہ کر لیا ہے کہ وہ اس جماعت کو دنیا میں پھیلائے گا، یہ لوگ تمہیں تھوڑے دیکھ کر دکھ دیتے ہیں مگر جب جماعت وسیع ہو جائے گی تو یہ خود ہی چپ ہو جائیں گے۔ یہی دنیا میں اُصول رہا ہے اور یہی ہم

نے نبیوں کی جماعت کی تاریخ دیکھی ہے۔

حضورؓ نے فرمایا کہ صبر بھی ایک عبادت ہے...ہماری جماعت خدا کی حمایت میں ہے اور دکھ اٹھانے سے ایمان قوی ہوجاتا ہے، صبر جیسی کوئی شے نہیں ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے تقویٰ کے متعلق نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تو تاریخ بتاتی ہے کہ اوائل میں جو سچا مسلمان ہوتا ہے اسے صبر کرنا پڑتا ہے، صحابہؓ پر بھی ایسا زمانہ آیا... جب انسان تقویٰ اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لئے دروازے کھول دیتا ہے۔

پھر آپؑ نے حقوق العباد کے متعلق فرمایا کہ

آپس میں مِل جُل کے بیٹھو، جس قدر تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت کروگے اُسی قدر اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا۔

ایک جگہ آپؑ نے نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ

ہماری جماعت کے لئے ضروری ہے کہ اس پُر آشوب زمانے میں جبکہ ہر طرف ضلالت اور غفلت اور گمراہی کی ہوا چل رہی ہے تقویٰ اختیار کریں۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ آج کے دَور میں کون سا ذریعہ ہے جو برائی کی طرف لے جانے کے لئے استعمال نہیں ہو رہا، ایسے دَور میں ہمارا فرض ہے کہ ہم ان گناہوں کی راہ سے بچنے کی کوشش کریں۔

فرمایا کہ تقویٰ ایسی شے نہیں جو صرف منہ سے حاصل ہوجائے، بلکہ شیطان بہکاتا ہے اور تقویٰ کرنے والوں کو بھی پتا ہوتا ہے۔ اسی سے انسان کی کمزوری کا معلوم ہوتا ہے۔ پس تقویٰ پر چلنے والوں کو بہت پھونک پھونک کر قدم اٹھانا پڑتا ہے، یہ اُسی وقت ہوسکتا ہے جب انسان کو یقین ہو کہ سب طاقتوں کا سر چشمہ خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ فرمایا کہ متقی بننے کے لئے ضروری ہے کہ بعد اس کے کہ موٹی باتوں جیسے کہ زنا، چوری، تلفِ حقوق، ریا، عُجب، حقارت، بخل کے ترک میں پکّا ہو، اخلاقِ رذیلہ سے پرہیز کر کے ان کے بالمقابل اخلاقِ فاضلہ میں ترقی کرے۔ مگر صرف اتنا کافی نہیں بلکہ ضروری ہے کہ اس کے مقابلے میں اچھے اخلاق پیدا ہوں تو پھر اصل تقویٰ ہے۔

نیکیوں میں آگے بڑھنے کے لئے جو دیگر چیزیں ضروری ہیں اُن میں لوگوں کے ساتھ مروت سے پیش آنا، خوش خلقی دکھانا، ہمدردی کرنا، پھر خدا تعالیٰ کے ساتھ سچی وفا اور صدق دکھانا، ان باتوں سے انسان متقی کہلاتا ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ ایسے لوگوں کا خدا تعالیٰ خود متولی ہوجاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ اُن پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ ایک اور جگہ فرمایا کہ وہ نیک لوگوں کا ہی کفیل بنتا ہے۔

حضورؓ فرماتے ہیں اپنے دلوں میں خدا تعالیٰ کی محبت اور عظمت کا سلسلہ جاری رکھو اور اس کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی شے نہیں۔ اصل چیز یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی نیکیاں پیش کی جائیں اور اُس کا حق ادا کیا جائے اور اس کے لئے سب سے اعلیٰ چیز نماز ہے۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ رمضان میں سے ہم گزرے، نمازوں کی حالت میں سے ہم گزرے، نیکیوں کی حالت سے ہم گزرے، اب ان کو رمضان کے بعد جاری رکھنا، اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے کے لئے ضروری ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا کہ روزے تو ایک سال کے بعد آتے ہیں، زکوٰۃ صاحبِ مال کو دینی پڑتی ہے، وہ بھی ایک نیکی ہے، مگر نماز ہے کہ ہر ایک حیثیت کے آدمی کو پانچ وقت ادا کرنی پڑتی ہے، اسے ہرگز ضائع نہ کرو، اسے بار بار پڑھو اور اس خیال سے ادا کرو کہ مَیں ایسی طاقت والے کے سامنے کھڑا ہوں کہ اگر اس کا ارادہ ہو تو ابھی قبول کرلے۔

حضورؓ نے فرمایا کہ ہماری جماعت کے لئے اسی بات کی ضرورت ہے کہ اُن کا ایمان بڑھے، اللہ تعالیٰ پر سچا یقین اور معرفت پیدا ہو، نیک اعمال میں سستی اور کسل نہ ہو، کیونکہ اگر سستی ہو تو پھر وضو کرنا بھی ایک مصیبت لگتا ہے چہ جائیکہ وہ تہجد پڑھے۔ اگر اعمالِ صالحہ کی قوت پیدا نہ ہو اور مسابقت بالخیرات کے لئے جوش نہ ہو تو ہمارے ساتھ تعلق پیدا کرنا بے فائدہ ہے۔ فرمایا:

ہماری جماعت میں تو وہی داخل ہوتا ہے جو ہماری تعلیم کو اپنا دستور العمل قرار دیتا ہے اور اپنی ہمت اور کوشش کے موافق اس پر عمل کرتا ہے اور جو محض نام رکھ کر تعلیم کے مطابق عمل نہیں کرتا وہ یاد رکھے کہ خدا تعالیٰ نے اس جماعت کو ایک خاص جماعت بنانے کا فیصلہ کیا ہے اور کوئی آدمی محض نام لکھوانے سے جماعت میں نہیں رہ سکتا۔ اس لئے جہاں تک ہو سکے اپنے اعمال کو اُس تعلیم کے مطابق کرو جو دی جاتی ہے۔ فرمایا کہ اعمال پروں کی طرح ہیں بغیر اعمال کے انسان روحانی مدارج کے لئے پرواز نہیں کرسکتا۔

خدا تعالیٰ کے ساتھ محبت سے کیا مراد ہے؟ حضورؑ فرماتے ہیں کہ اس سے یہی مراد ہے کہ اپنے والدین اور اپنی جورو اور اپنی اولاد اور اپنے نفس ہر چیز پر اللہ تعالیٰ کی رضا کو مقدم کرلیا جائے۔ اسی لئے قرآن کریم میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو ایسا یاد کرو جیسا کہ تم اپنے باپوں کو یاد کرتے ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ اور سخت درجے کی محبت سے یاد کرو۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ اس رمضان میں جہاں ہم نے اعلیٰ اخلاق اور عبادات کی طرف توجہ کی ہے تو یہ توجہ اب سارا سال جاری رہنی چاہئے، یہ کوشش رمضان کے ساتھ ختم نہیں ہونی چاہئے بلکہ سارا سال جاری رہنی چاہئے۔ جب یہ کوشش سارا سال جاری رہے گی تو تب ہی ہم اُس مقصد کو پانے والے ہو سکتے ہیں جو ہماری پیدائش کا حقیقی مقصد ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ اگر دنیاداروں کی طرح رہو گے تو اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوگا تم نے میرے ہاتھ پر توبہ کی ہے، میرے ہاتھ پر توبہ کرنا ایک موت کو چاہتا ہے تا کہ تم نئی زندگی میں ایک اور پیدائش حاصل کرو۔ بیعت اگر دل سے نہیں تو کوئی نتیجہ اس کا نہیں، میری بیعت سے خدا دل کا اقرار چاہتا ہے۔ پس جو سچے دل سے مجھے قبول کرتا ہے، اپنے گناہوں سے سچی توبہ کرتا ہے غفور الرحیم خدا اس کے گناہوں کو ضرور بخش دیتا ہے اور وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسے ماں کے پیٹ سے نکلا ہے، تب فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اگر ایک گاؤں میں ایک نیک آدمی ہو تو اللہ تعالیٰ اس نیک کی رعایت اور خاطر سے اس گاؤں کو تباہی سے محفوظ کر لیتا ہے۔ مگر جب تباہی آتی ہے تو پھر سب پر پڑتی ہے مگر پھر بھی وہ اپنے بندوں کو کسی نہ کسی نہج سے بچا لیتا ہے۔

حضورِ انور نے خطبے کے آخر میں فرمایا کہ پس آج کل جو دنیا کے حالات ہیں اُن میں جہاں ہم اپنے آپ کو اور اپنی نسلوں کو بچانے کے لئے کوشش کریں وہیں دنیا کو بچانے کے لئے بھی کوشش کریں، دنیا کو آنحضرت ﷺ کے جھنڈے کے نیچے لانے کے لئے کوشش کریں۔ دنیا بڑی تیزی سے تباہی کی طرف جا رہی ہے، اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو دنیا کو اس تباہی سے بچانے کے سامان پیدا کرسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو دنیا کے دل پھیر دے اور انہیں تباہی سے بچا لے۔ لیکن اگر تباہی آنی ہی ہے تو اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اس تباہی سے بچائے اور اس سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے اعمال اس نہج پر ڈھالیں اس طرح اپنے اعمال بجا لائیں کہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہم پر ہمیشہ رہے۔

H.A. GHOURI
9848955134
7013492780
GHOURI ROLLING SHUTTERS
WHOLESALE DEALER
Suppliers of All Spare Parts of Rolling Shutters Specialist in: Gear & Remote Shutters
SHOP NO 5-6, YERRAKUNTA, OPP. TOTAL GAZ PUMP,PAHADI SHAREEF ROAD HYDERABAD (T.S.)

مصنوعی ذہانت
انسانیت کے لئے چیلنج یا سہولت؟

عثمان احمد استاد جامعہ احمدیہ قادیان

مصنوعی ذہانت (AI) آج کے دور میں ایک نئی حقیقت ہے جس نے ہماری زندگی، کام اور معاشرت کو بدل دیا ہے۔ ہم اب ایک ایسے دور میں جا رہے ہیں جسے "مصنوعی عام ذہانت" کہا جاتا ہے۔ یہ ایسی مصنوعی ذہانت ہے جو انسانی دماغ کی طرح مختلف اور پیچیدہ کام کرسکتی ہے، یا اس سے بھی زیادہ صلاحیت رکھتی ہے۔ OpenAI کے سربراہ، سیم آلٹ مین، جنہوں نے Stargate منصوبے کی قیادت کی، نے بتایا ہے کہ وہ جلد اپنا پہلا مصنوعی ذہانت کا version پیش کریں گے، جسے وہ "انسانی تاریخ کی سب سے طاقتور ٹیکنالوجی" کہتے ہیں۔

مصنوعی ذہانت کی ترقی ایک دو دھاری تلوار کی طرح ہے۔ اس کے بہت سے فائدے ہیں، جیسے OpenAI کا 'آپریٹر' نامی نمائندہ جو خودکار طریقے سے آن لائن ٹکٹ بُک کرسکتا ہے، ریزرویشن کرسکتا ہے، یا گھر کا سامان منگوا سکتا ہے۔ یہ سارا کام اپنی سکرین پر دکھائی دینے والی چیزوں کو دیکھ کر اور بٹن دبا کر کرتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ کچھ خطرات بھی ہیں، جیسے ذاتی معلومات (privacy) کا تحفظ، غلط معلومات کا پھیلاؤ، اور مصنوعی ذہانت کا غلط استعمال۔

قرآن پاک ہمیں ایسے غلط کاموں کے کرنے کے بارہ میں کچھ یوں خبردار کرتا ہے:

"وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا"

(سورۃ بنی اسرائیل: 37)

"وہ بات نہ کرو جس کا تمہیں علم نہ ہو۔ کان، آنکھیں اور دل سب اس کے بارے میں جوابدہ ہیں۔"

مصنوعی ذہانت کے بنانے والوں میں سے ایک، جیوفری ہنٹن، نے کہا ہے کہ یہ ایک "وجودی خطرہ" بن سکتی ہے کیونکہ یہ نیٹ ورکس ہزاروں مختلف نقلیں بنا کر مختلف معلومات سے سیکھتی ہے، جو انسان کے لئے ممکن نہیں۔ کینیڈین سائنسدان یوشوا بینگیو بھی کہتے ہیں کہ ہمیں ایسے versions نہیں بنانے چاہئیں جو اپنے فیصلے خود کرسکیں، کیونکہ یہ خطرناک ہوسکتا ہے۔

ایک اور مسئلہ ایک ویڈیو کی شکل میں سامنے آیا جس میں GPT-4 کے ساتھ آنکھوں اور آواز کی مدد سے معروف نیچر رائٹر سر ڈیویڈ ایٹن بورو کی آواز میں ان کی زندگی کی باتیں پیش کی گئیں۔ یہ ویڈیو بہت مشہور ہوئی، لیکن خود ایٹن بورو نے کہا کہ ان کی آواز کا غلط استعمال دھوکہ دے سکتا ہے۔ اس طرح جعلی ویڈیوز اور آوازیں بنانا آسان ہوگیا ہے، جو سچائی کے لئے خطرہ ہیں۔

اسی طرح، میٹا (Facebook) کے سربراہ مارک زکربرگ پر الزام ہے کہ وہ بغیر اجازت دوسروں کا مواد لے کر اپنے مصنوعی ذہانت کے ماڈلز تیار کر رہے ہیں، جو غلط بات ہے۔

مزید یہ کہ کئی ممالک اپنی مصنوعی ذہانت کو جنگ میں بھی استعمال کر رہے ہیں۔ چین روبوٹک جنگی کتوں پر کام کر رہا ہے، اور روس-یوکرین جنگ میں خودکار طیارے استعمال ہو رہے ہیں۔ یہ خطرہ ہے کہ مصنوعی ذہانت جنگ کو اور خطرناک بنا سکتی ہے۔ قرآن

میں ارشاد ہے:

"وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الۡاَرۡضِ لِیُفۡسِدَ فِیۡہَا وَیُہۡلِکَ الۡحَرۡثَ وَالنَّسۡلَ ؕ وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الۡفَسَادَ" (سورۃ البقرہ: 206)

"اور جب وہ چلا جاتا ہے تو زمین میں فساد پھیلانے اور فصلیں اور نسلیں تباہ کرنے کی کوشش کرتا ہے، اور اللہ ایسے فساد کو پسند نہیں کرتا۔"

اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمیں سوچ سمجھ کر کام کرنا چاہئے اور خود کو نقصان سے بچانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے :

" وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡکُمۡ اِلَی التَّہۡلُکَۃِ"

(سورۃ البقرہ:196)

اپنے ہاتھوں سے اپنی تباہی مت لاؤ۔

مصنوعی ذہانت کا بھی صحیح اور اچھے مقصد کے لئے استعمال ہونا ضروری ہے تاکہ یہ ہمارے لئے فائدہ مند ثابت ہو، نہ کہ نقصان دہ اور یہ ہمیں طے کرنا ہے کہ کہیں ہم ہلاکت میں تو نہیں پڑ رہے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے AI سے ملنے والی معلومات کو اچھی طرح جانچنا چاہئے تاکہ کوئی غلط فہمی یا نقصان نہ ہو۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ AI کی تحقیق کریں تاکہ اس کا اچھا استعمال ہو۔

ہمیں چاہئے کہ AI کو ایک طاقتور ذریعہ سمجھ کر اچھے کاموں میں استعمال کریں، مگر اس پر اندھا بھروسہ نہ کریں۔ AI ہمارا مددگار ہو نہ کہ ہم اس کے غلام بن کر ہلاکت کی طرف جانے والے بن جائیں۔

بہر حال مصنوعی ذہانت کے کہ بلا شبہ بے شمار فائدے ہیں، مگر خطرات سے بھی ہمیں خبردار رہنا چاہئے۔ اچھی نیت، سادہ سوچ، تحقیق اور احتیاط کے ساتھ AI کا استعمال ہماری زندگیوں میں بہتری لا سکتا ہے۔


HR
Sk. Anas Ahmad
Mob : 9861084857
9583048641
email : anash.race@gmail.com
H. R. ALUMINIUM & STEEL
We Deal with all Types of Aluminium & Steel Works
Sliding Window, Door, Partition, ACP Work,
Glazing, Steel Railing etc.
Sivananda Complex, Machhuati, Near Salipur SBI

NUSRAT
MOTORS RE-WINDING
Cell :9902222345
9448333381
Spl. in :
All Types of Electrical Motor Re-Winding,
Pump Set, Starters & Panel Repairing Centre.
HATTIKUNI ROAD, YADGIR - 585201

JMB Rice mill Pvt. Ltd.
At. Tisalpur, P.O. Rahanja, Bhadrak, Pin-756111
Ph. : 06784 - 250853 (O), 250420 (R)
”انسان کی ایک ایسی فطرت ہے کہ وہ خدا کی محبت اپنے اندر مخفی رکھتی ہے پس جب وہ محبت تزکیہ نفس سے
بہت صاف ہوجاتی ہے اور مجاہدات کا صیقل اس کی کدورت کو دور کر دیتا ہے تو وہ محبت خدا کے نور کا پرتوہ حاصل کرنے
کے لئے ایک مصفا آئینہ کا حکم رکھتی ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو جب مصفا آئینہ آفتاب کے سامنے رکھا جائے تو آفتاب
کی روشنی اس میں بھر جاتی ہے۔“
(کلام امام الزمان)

AHMAD FRUIT AGENCY
Commission & Forwarding Agents :
Asnoor, Kulgam (Kashmir)
Hqrt. Dar Fruit Co.
Kulgam
B.O. Ahmad Fruits
Mobiles : 9622584733,7006066375,9797024310

AL-BADAR
M.OMER . 7829780232
ZAHED . 6363220415
STEEL & ROLLING SHUTTERS
ALL KINDS OF IRON STEEL
SHUTTER PATTI. GUIDE BOTTOM.
ROUND RODS, SQUARE RODS.
ROUND PIPE , SQUARE PIPES.
BEARINGS, FLATS.
SPRINGS, ANGLES.
Shop No.1-1-185/30A OPP.KALLUR RICE MILL .
HATTIKUNI ROAD YADGIR


CKS TIMBERS
"the wood for all Your needs"
TEAK,ROSEWOOD,IMPORTED WOODS,SAWN SIZES & WOODEN
FURNITURE,CRANE SERVICE
VANIYAMBALAM - 679339,MALAPPURAM Dt. ,KERALA
Mobile:9447136192,9446236192,9746663939
:cktimbers@gmail.com
:www.ckstimbers.com

سائنس کا سفر
یونان سے بغداد تک

لفظ ''سائنس'' لاطینی زبان سے ماخوذ ہے، جس کے لغوی معنی ''علم'' کے ہیں۔ سائنس دراصل کائنات اور فطرت میں موجود قوانین و حقائق کے دریافت کرنے کا نام ہے نہ کہ کسی خودساختہ نظریے یا خیال کا۔ چونکہ یہ کائنات خدا تعالیٰ کی تخلیق ہے اس لئے فطرت کی ہر حقیقت جو سائنس دریافت کرتی ہے دراصل خدا کی قدرت کی ایک جھلک ہوتی ہے۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ کائنات خدا کا فعل ہے اور آسمانی صحیفے اُس کا کلام۔

مناظرِ قدرت، موجوداتِ عالم، ان کی صفات اور باہمی تعلقات کو جاننے اور سمجھنے کا عمل سائنس کہلاتا ہے۔ انسان کی زندگی کے ہر دور اور ہر مرحلے میں سائنس کا عمل دخل رہا ہے اس لئے بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ سائنس انسانی زندگی کا ایک لازمی جزو بن چکی ہے۔

یونانی دورِ سائنس

سائنس کا باقاعدہ آغاز قدیم یونان سے ہوا جہاں صدیوں تک علم و فلسفہ کا غلبہ رہا۔ یونان کے فلسفی، سائنس دان، ریاضی دان اور مفکرین دنیا بھر میں شہرت رکھتے تھے، اور وہاں کے تعلیمی مراکز دور دور سے علم حاصل کرنے کے لئے آنے والوں کا مرکز تھے۔

یونانی سائنس کی بنیاد ریاضی سے پڑی۔ ارشمیدس (Archimedes) اور فیثاغورث (Pythagoras) یونان کے دو عظیم ریاضی دان گزرے ہیں۔ ارشمیدس نے میکانکس پر بے پناہ تحقیق کی۔ اس کا مشہور اصول ''ارشمیدس پرنسپل'' آج بھی سائنس کا بنیادی حصہ ہے۔ روایت کے مطابق جب اس نے ایک پیچیدہ مسئلے کا حل دریافت کیا تو خوشی کے مارے بازار میں ننگے پاؤں دوڑتا ہوا چیخنے لگا:

''یوریکا! یوریکا!'' (Eureka! Eureka!) یعنی ''مجھے حل مل گیا!''

یونانی آرکیٹیکچر میں جیومیٹری کا گہرا استعمال تھا اور عمارتوں کی تعمیر میں فزکس کا بھی بھرپور دخل رہا۔ یونانیوں نے علم ہیئت (Astronomy) کو بھی ترقی دی اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ نظریاتی سائنس (Theoretical Science) کی بنیاد رکھی جہاں فطرت اور اشیاء کے بارے میں سوالات اُٹھا کر علم حاصل کرنے کی روایت قائم کی گئی۔

یونانی سائنس دانوں اور مفکرین میں نمایاں نام یہ ہیں:

بطلیموس (Ptolemy) – علم ہیئت اور جغرافیہ

سقراط، افلاطون، ارسطو – فلسفہ

ہیروڈوٹس – تاریخ

ہومر – شاعری

یونان کے چند مشہور علمی کارنامے درج ذیل ہیں:

بقراط: Elements

افلاطون: Republic

ارسطو: Poetics, Rhetoric, Comic Sections

اقلیدس: Elements (جیومیٹری)

اپالونیس: Conics

ارشمیدس: The Sphere and the Cylinder

یونانی علوم کا زوال

تیسری صدی قبل مسیح کے بعد یونان زوال پذیر ہونے لگا۔ جب یونان نے اپنے ہمسایہ ممالک سے مسلسل جنگیں شروع کیں تو رومن ایمپائر سے شکست نے اس کے زوال کی رفتار تیز کر دی۔ نتیجتاً علمی

سرگرمیاں ماند پڑ گئیں، سائنسی تحقیق رک گئی اور علمی ادارے ویرانی کا شکار ہو گئے۔

اسکندریہ کا سائنسی کردار

مصر کا قدیم شہر اسکندریہ سائنس کے ایک نئے مرکز کے طور پر ابھرا۔ ۳۲۳ قبل مسیح میں سکندر اعظم کی وفات کے بعد مصر پر اس کے جنرل بطلیموس نے قبضہ کیا اور اس کے خاندان نے تقریباً تین صدیوں تک حکومت کی۔ انہوں نے اسکندریہ میں ایک عظیم لائبریری اور میوزیم قائم کیا جو بعد میں علم و سائنس کا مرکز بن گیا۔

یہاں اقلیدس (Euclid ۳۳۰-۲۶۰ BC) نے جیومیٹری پر اپنی شہرہ آفاق کتاب "Elements" لکھی جو اگلے دو ہزار سال تک ریاضی کی دنیا میں مرکزی حیثیت رکھتی رہی۔ اسی لائبریری میں ارشمیدس (۲۸۷-۲۱۲ BC) نے بھی علمی خدمات سرانجام دیں جن میں چکر دار پیچ (Screw) اور ہائڈروسٹیٹکس (Hydrostatics) کے اصول شامل ہیں۔

بطلیموس اور گیلن

بطلیموس (Claudius Ptolemy ۱۰۰-۱۷۸ AD) نے جغرافیہ اور علم ہیئت پر گراں قدر کام کیا۔ اس کی مشہور کتاب "المجستی" (Almagest) جو دراصل یونانی کتاب "Megale Mathematike Syntaxis" کا عربی ترجمہ ہے آج بھی فلکیات کی بنیاد سمجھی جاتی ہے۔

اسی دور میں ایک مشہور طبیب گیلن (Galen ۱۳۰-۲۰۰AD) بھی گزرا، جو طب میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ اس نے تقریباً ۴۰۰ کتابیں لکھیں، جن میں سے ۱۴۰ یونانی زبان میں دستیاب تھیں۔ وقت کے ساتھ اصل کتابیں تو ضائع ہو گئیں، لیکن ان کے عربی اور لاطینی تراجم باقی رہ گئے۔

یونانی ورثے کی منتقلی

جب بیزنطینی حکومت میں بادشاہوں کو علم سے دلچسپی ختم ہو گئی تو اسکندریہ کی عظیم لائبریری کو بادشاہ تھیوڈوس دوم کے حکم پر نذرِ آتش کر دیا گیا۔ بعد ازاں افلاطون کی اکیڈمی اور دیگر علمی ادارے بھی بند کر دئے گئے۔

یونانی راہبوں بالخصوص نسطوری (Nastorian) مسیحیوں نے اپنا علمی ورثہ بچانے کے لئے ایران ہجرت کی جہاں ساسانی حکمرانوں نے انہیں پناہ دی۔ وہاں انہوں نے اپنی مذہبی و سائنسی کتابوں کے سریانی اور کلدانی زبانوں میں تراجم کئے۔

اسلامی دنیا میں علمی انقلاب

جب مسلمانوں نے ایران اور شام فتح کیا تو انہیں یہ علمی خزانے ہاتھ لگے۔ خلافتِ عباسیہ کے دور میں بغداد میں باقاعدہ تراجم کا سلسلہ شروع ہوا۔ تقریباً ایک صدی تک (۷۵۰-۸۵۰ء) یہ تراجم جاری رہے اور بعد ازاں بھی کئی کتابوں کے عربی ترجمے ہوئے۔ اس تحریک سے اسلامی سائنس کا زریں دور شروع ہوا۔

مسلمان سائنس دانوں نے صرف یونانی علوم کو محفوظ نہیں کیا بلکہ اس میں تحقیق، اضافہ اور اطلاقی تجربات کے ذریعے نئی راہیں کھولیں۔ یونانی علوم زیادہ تر نظریاتی تھے جبکہ مسلم سائنس دانوں نے عملی تجربے کو بنیاد بنایا۔

نتیجہ

اگلے تین صدیوں تک اسلامی دنیا علم وفن، سائنس و ٹیکنالوجی کی قیادت کرتی رہی۔ بغداد سے لے کر قرطبہ تک ہر شہر علم کا گہوارہ بنا۔ جیسا کہ مشہور مستشرق میکس میئر ہاف (Max Meyerhof) لکھتا ہے:

"ڈوبتے ہوئے یونانی سورج کی روشنی کو لے کر اسلامی سائنس کا چراغ چمکا، جس نے یورپ کی تاریک ترین رات کو منور کیا۔ یہ چراغ اس وقت بجھا جب یورپ میں نشاۃِ ثانیہ کا سورج طلوع ہوا۔"

(انتخاب از کتاب مسلمانوں کے سائنسی کارنامے
از مکرم محمد ذکریا ورک)

گوشۂ ادب

اشکوں کے چراغ

چوہدری محمد علی، مضطرؔ عارفی

یہ مجموعۂ کلام صرف اشعار کا انتخاب نہیں بلکہ خلوصِ دل، صداقتِ فکر اور روحانی وارفتگی کا آئینہ دار ہے۔ اس مجموعے کو یہ روحانی فخر حاصل ہے کہ اس کا نام خود حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عطا فرمایا:

"اشکوں کے چراغ"

یہ نام صرف ایک عنوان نہیں، بلکہ اس عظیم شاعر کی پوری زندگی، اس کے اشکوں، اس کی دعاؤں اور اس کی تحریروں کا روحانی استعارہ بن کر سامنے آتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے چوہدری محمد علی مضطرؔ عارفی کی شاعری کے بارے میں نہایت پُر اثر الفاظ میں فرمایا:

"اللہ تعالیٰ آپ کا کلام پڑھنے والوں کو اس میں ڈوب کر اعلیٰ خیالات کے موتی تلاش کرنے کی توفیق دے۔۔۔ آپ کی شاعری برائے شاعری نہیں ہوتی بلکہ آپ کا ہر شعر، ہر مصرع، ہر لفظ گہرے معانی لئے ہوتا ہے۔ اللھم زدو بارک"

اس کتاب کو یہ بھی غیر معمولی شرف حاصل ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے بذاتِ خود مضطرؔ صاحب کے کلام کو سراہا اور فرمایا:

"آپ، آپ ہی ہیں۔ ہزاروں لاکھوں نے یہ مضمون باندھے ہوں گے مگر آپ کی تو ادا ہی الگ ہے۔ ماشاء اللہ، چشم بد دور!"

یہ تبصرہ صرف تعریف نہیں بلکہ ایک روحانی مہر تصدیق ہے جو اس شاعری کے سوز، خلوص اور حقیقت پسندی کا اعتراف ہے۔

یہ کلام کسی ردیف و قافیہ کی مشق نہیں بلکہ ایک خالص خدا طلب روح کی صدائیں ہیں جو ہر پڑھنے والے کو خود شناسی، عاجزی، اور طلبِ قربِ الٰہی کی طرف مائل کرتی ہیں۔

اللہ کرے یہ چراغ، ہر قاری کے دل میں روشنی اور سکون کا باعث بنے۔

حمد رب العالمین

(کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

کس قدر ظاہر ہے نور اُس مبدء الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالَم آئینہ اَبصار کا
چاند کو کل دیکھ کر میں سخت بے کَل ہو گیا
کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اُس میں جمالِ یار کا
اُس بہارِ حُسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذکر ہم سے تُرک یا تاتار کا
ہے عجب جلوہ تری قدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی رہ ہے ترے دیدار کا
چشمۂ خورشید میں موجیں تری مشہود ہیں
ہر ستارے میں تماشہ ہے تری چمکار کا
تو نے خود رُوحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھڑکا نمک
اُس سے ہے شورِ محبت عاشقانِ زار کا
کیا عجب تو نے ہر اک ذرّہ میں رکھے ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا
تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اِس عُقدۂ دشوار کا
خُو برُویوں میں ملاحت ہے ترے اُس حسن کی
ہر گل و گلشن میں ہے رنگ اس ترے گلزار کا
چشمِ مستِ ہر حسیں ہر دم دکھاتی ہے تجھے
ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خمدار کا
آنکھ کے اندھوں کو حائل ہو گئے سَو سَو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رُخ کافر و دیندار کا

(سرمہ چشم آریہ صفحہ ۴۔ مطبوعہ ۱۸۸۶ء)

بنیادی مسائل کے جوابات

(امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے پوچھے جانے والے بنیادی مسائل پر مبنی سوالات کے بصیرت افروز جوابات

سوال:

ایک خاتون نے بیوہ کے عدت کے دوران لجنہ کے پروگراموں میں شامل ہونے، نماز باجماعت کے لئے مسجد میں آنے اور عزیزوں کے گھروں میں جانے کے بارہ میں مسائل دریافت کئے۔ نیز لکھا کہ بڑی عمر کی عورتوں کے لئے عدت کی پابندی نہیں ہونی چاہیئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مکتوب مورخہ 02 فروری 2019ء میں ان امور کے بارہ میں درج ذیل رہنمائی فرمائی۔

حضور انور نے فرمایا:

جواب:

بیوہ کی عدت کے احکامات میں تبدیلی کے حق میں آپ نے اپنے خط میں جو طلاق کے بعد اسی خاوند کے ساتھ نکاح والی دلیل (کہ قرآن کریم کے مطابق طلاق کے بعد عدت پوری ہونے پر پہلے شوہر سے نکاح صرف اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب کسی دوسرے مرد سے شادی ہو اور پھر وہ طلاق دے۔ لیکن اب دوسرے مرد سے شادی کے بغیر بھی پہلے خاوند سے نکاح ہو جاتا ہے۔ پس جس طرح اس حکم میں نظر ثانی کی گئی ہے، اسی طرح خاوند کی وفات کے بعد کی عدت میں بھی عورت کی عمر کے لحاظ سے نظر ثانی ہونی چاہیئے۔) دی ہے وہ غلط ہے۔ نہ پہلے ایسا کوئی حکم تھا اور نہ ہی اس میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے۔ آپ نے اپنی کم علمی کی وجہ سے طلاق کے بارہ میں دو الگ الگ احکامات کو خلط ملط کر دیا ہے۔ اسی طرح بیوہ کی عدت کے بارہ میں بھی آپ اسلامی تعلیمات سے پوری طرح آگاہ نہیں ہیں۔ اسلام نے عورت کو اپنے خاوند کی وفات پر چار ماہ دس دن تک سوگ کرنے کا حکم دیا ہے اور اس میں کسی قسم کا کوئی استثناء نہیں رکھا اور نہ ہی اس حکم میں عمر کی کوئی رعایت رکھی ہے۔ پس بیوہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ عدت کا یہ عرصہ حتی الوسع اپنے گھر میں گزارے، اس دوران اسے بناؤ سنگھار کرنے، سوشل پروگراموں میں حصہ لینے اور بغیر ضرورت گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں۔ عدت کے عرصہ کے دوران بیوہ اپنے خاوند کی قبر پر دعا کے لئے جا سکتی ہے بشرطیکہ وہ قبر اسی شہر میں ہو جس شہر میں بیوہ کی رہائش ہے۔ نیز اگر اسے ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا ہے تو یہ بھی مجبوری کے تحت آتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی بیوہ کے خاندان کا گزارا اس کی نوکری پر ہے یا بچوں کو سکول لانے، لے جانے اور خریداری کے لئے اس کا کوئی اور انتظام نہیں تو یہ سب امور مجبوری کے تحت آئیں گے۔ ایسی صورت میں اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ سیدھی کام پر جائے اور کام مکمل کر کے واپس گھر آ کر بیٹھے۔ مجبوری اور ضرورت کے تحت گھر سے نکلنے کی بس اتنی ہی حد ہے۔ کسی قسم کی سوشل مجالس یا پروگراموں میں شرکت کی اسے اجازت نہیں۔ پس شریعت میں نئی نئی چیزیں داخل کرنے اور نئی نئی بدعتیں پیدا کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی گئی۔

(قسط نمبر 10، الفضل انٹرنیشنل 05 مارچ 2021ء صفحہ 11)

سوال:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ طلباء جامعہ احمدیہ انڈونیشیا کی ۳۱ اکتوبر ۲۰۲۰ء کو ہونے والی Virtual ملاقات میں ایک طالب علم نے حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ اس زمانہ میں بہت

سے لوگ جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بارہ میں استہزاء کرتے ہیں ہماری طرف سے ان کا جواب کس طرح ہونا چاہیئے۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

جواب:

